الیکشن کمیشن آف پاکستان

شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

مورخہ: 2 اکتوبر 2020

حتمی انتخابی فہرستوں کے اعداد و شمار

الیکشن کمیشن نے انتخابی فہرستوں کی نظر ثانی کا کام مکمل ہونے کے بعد حتمی انتخابی فہرستوں کے اعداد و شمار جاری کر دیے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب میں مرد رائے دہندگان کی تعداد **36,371,326**، خواتین رائے دہندگان کی تعداد **29,862,932** اور خواجہ سراء رائے دہندگان کی تعداد **1,886** ہے، اس طرح پنجاب کے کُل رائے دہندگان کی تعداد **66,236,144** ہے۔

سندھ میں مرد رائے دہندگان کی تعداد **13,443,983** خواتین رائے دہندگان کی تعداد **10,907,267** اور خواجہ سراء رائے دہندگان کی تعداد 431 ہے، اس طرح سندھ کے کُل رائے دہندگان کی تعداد **24,351,681** ہے۔

خیبر پختونخواہ میں مرد رائے دہندگان کی تعداد **11,076,630**، خواتین رائے دہندگان کی تعداد **8,457,201** اور خواجہ سراء رائے دہندگان کی تعداد **133** ہے ،اس طرح خیبر پختونخواہ کے کُل رائے دہندگان کی تعداد **19,533,964** ہے۔

بلوچستان میں مرد رائے دہندگان کی تعداد **2,753,946**، خواتین رائے دہندگان کی تعداد **2,047,104** اور خواجہ سراء رائے دہندگان کی تعداد **81** ہے ،اس طرح بلوچستان کے کُل رائے دہندگان کی تعداد **4,801,131** ہے۔

اسلام آباد میں مرد رائے دہندگان کی تعداد **432,731**، خواتین رائے دہندگان کی تعداد **393,095** اور خواجہ سراء رائے دہندگان کی تعداد **7** ہے ،اس طرح اسلام آباد کے کُل رائے دہندگان کی تعداد **825,833** ہے۔

مجموعی طور پر پاکستان میں مرد رائے دہندگان کی تعداد **64,078,616**، خواتین رائے دہندگان کی تعداد **51,667,599** اور خواجہ سراء رائے دہندگان کی تعداد **2,538** ہے، اس طرح پاکستان کے کُل رائے دہندگان کی تعداد **115,748,753** ہے۔

واضح رہے جنرل الیکشن-2018 کے وقت رائے دہندگان کی کُل تعداد 10 کروڑ 59 لاکھ 55 ہزار 409 تھی جس میں 97 لاکھ 93 ہزار 344 کے اضافہ کے بعد اب کُل تعداد 11 کروڑ 57 لاکھ 48 ہزار 753 ہوگئی ہے۔

حتمی انتخابی فہرستیں مورخہ 4 اکتوبر 2020 سے عوام کے معائنہ کے لئے ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر / رجسٹریشن آفیسروں کے دفاتر میں آویزاں کر دی جائیں گی۔ رائے دہندگان کی سہولت کے پیش نظر الیکشن کمیشن آف پاکستان نے 8300 شارٹ میسج سروس کو اپڈیٹ کر دیا ہے لہذا رائے دہندگان حتمی انتخابی فہرستوں کے مطابق اپنے ووٹ کے اندراج کو اس سروس کے ذریعے چیک کرسکتے ہیں۔ رائے دہندگان اپنا شناختی کارڈ نمبر 8300 پر ایس ایم ایس کر کے اپنے ووٹ کے اندراج کی تفصیلات کے علاوہ دفتر ضلعی الیکشن کمشنر کا رابطہ نمبر، الیکشن کمیشن کی ہیلپ لائن کا نمبر اور الیکشن کمیشن کا ویب سائٹ لنک کی تفصیل بھی حاصل کرسکتے ہیں۔ ویب سائٹ سے فارم-21 برائے اندراج / منتقلی ووٹ، فارم-22 برائے اعتراض / حذف ووٹ اور فارم-23 برائے کوائف درستگی بھی ڈاوّن لوڈ کیے جاسکتے ہیں۔ فارم رجسٹریشن افسران اور اسسٹنٹ رجسٹریشن افسران کے دفاتر میں جمع کروائے جاسکیں گے۔

حتمی انتخابی فہرست کے اعداد و شمار

میزان	اسلام آباد	بلوچستان	خیبر پختونخواہ	سندھ	پنجاب	
64,078,616	432,731	2,753,946	11,076,630	13,443,983	36,371,326	مرد رائے دہندگان
55%	52%	57%	57%	55%	55%	
51,667,599	393,095	2,047,104	8,457,201	10,907,267	29,862,932	خواتین رائے دہندگان
45%	48%	43%	43%	45%	45%	
2,538	7	81	133	431	1,886	خواجہ سراء رائے دہندگان
0.002%	0.001%	0.002%	0.001%	0.002%	0.003%	
115,748,753	**825,833**	**4,801,131**	**19,533,964**	**24,351,681**	**66,236,144**	میزان